السلام علیکم ورحمت اللہ وبرکاتہ

کیا فرماتے ہیں مفتیان عظام کہ ایک شخص نے اپنی بیوی سے کہا
" ایک دو تین تم میری ماں بہن ہو"

اس مسئلہ پر ایک عالم دین کا فرمانا ہے کہ ایک دو تین گنتی ہوئی اور ماں بہن لغو ہے -
طلاق کے لئے صریح یا کنایہ ضروری ہے جب کہ عرف کی وجہ سے شدیدمشکلات کا سامنا ہے

جب کہ دوسرے عالم دین فرمارہے ہیں کہ نہیں عرف کی وجہ سے تین طلاق واقع ہوگئی ہیں اب یہ مغلظ ہوگئی ہے-

برائے کرم اس مسئلہ کا جواب عنایت فرماکر مشکورو ممنون فرمائیں

(جواب منسلک ہے)

دار الافتاء
فتوی نمبر ۱/۲۰۳۲
مورخہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب حامداً ومصلیاً

شوہر کے یہ الفاظ کہنے سے کہ "ایک دو تین تم میری ماں بہن ہو" کوئی طلاق واقع نہیں ہوئی، کیونکہ "ایک دو تین" محض عدد کے لئے استعمال ہوتا ہے، یہ نہ تو طلاق کے صریح الفاظ ہیں نہ کنایاتِ طلاق میں سے ہیں، جب تک ان کے ساتھ طلاق کے صریح الفاظ یا بیوی کی طرف صراحۃً اضافت نہ ہو اُس وقت تک صرف ان اعداد سے کوئی طلاق واقع نہیں ہوتی، اور "تم میری ماں بہن ہو" کے الفاظ بھی نہ صریح طلاق کے الفاظ ہیں اور نہ کنایۂ طلاق کے الفاظ ہیں۔ اور حرفِ تشبیہ نہ ہونے کی وجہ سے ظہار بھی نہیں ہوا، تاہم حدیث شریف کی روسے بیوی کو ایسا کہنا ممنوع اور مکروہ ہے، لہٰذا شوہر پر لازم ہے کہ آئندہ ایسے غلط نامناسب الفاظ کہنے سے مکمل اجتناب کرے۔ (ماخذہٗ التبویب ۱۵۸۴/۳۰)(وبسط فی ۲۵/۳۹)

كماروى الإمام أبوداؤد في سننه عن أبي تميمة الهجمي قال: أن رجلا قال لامرأته يا أخية. فقال رسول الله –صلى الله عليه وسلم– « أختك هى ». فكره ذلك ونهى عنه[سنن أبي داود – (٢ / ٢٣٢]

الدر المختار (٣ / ٤٧٠)

(وإن نوى بأنت علي مثل أمي) ، أو كأمي، وكذا لو حذف علي خانية (برا، أو ظهارا، أو طلاقا صحت نيته) ووقع ما نواه لأنه كناية (وإلا) ينو شيئا، أو حذف الكاف (لغا).

حاشية ابن عابدين (رد المحتار) (٣ / ٤٧٠)

(قوله: أو حذف الكاف) بأن قال: أنت أمي، ومن بعض الظن جعله من باب زيد أسد در منتقى عن القهستاني.

قلت: ويدل عليه ما نذكره عن الفتح من أنه لا بد من التصريح بالأداة (قوله: لغا) لأنه مجمل في حق التشبيه فما لم يتبين مراد مخصوص لا يحكم بشيء فتح (قوله: ويكره إلخ) جزم بالكراهة تبعا للبحر والنهر والذي في الفتح: وفي أنت أمي لا يكون مظاهرا، وينبغي أن يكون مكروها، فقد صرحوا بأن قوله لزوجته يا أخية مكروه. وفيه حديث رواه أبو داود «أن رسول الله – صلى الله عليه وسلم – سمع رجلا يقول لامرأته يا أخية فكره ذلك ونهى عنه» ومعنى النهي قربه من لفظ التشبيه، ولولا هذا الحديث لأمكن أن يقال هو ظهار لأن التشبيه في أنت أمي أقوى منه مع ذكر الأداة، ولفظ " يا أخية " استعارة بلا شك، وهي مبنية على التشبيه،لكن الحديث أفادكونه ليس ظهاراحيث لم يبين

دار الافتاء

جاری ہے۔۔۔

فيه حكما سوى الكراهة والنهي، فعلم أنه لا بد في كونه ظهارا من التصريح بأداة التشبيه شرعا، ومثله أن يقول لها يا بنتي، أو يا أختي ونحوه.

الفتاوى الهندية (١ / ٥٠٧)

لو قال لها: أنت أمي لا يكون مظاهرا وينبغي أن يكون مكروها ومثله أن يقول: يا ابنتي ويا أختي ونحوه

فتاوى قاضيخان (١ / ٢٢٩)

ولو قال تويكي أو قال توسه قال أبو القاسم رحمه الله تعالى لا يقع الطلا ق.

الفتاوى البزازية (٢ / ٣٦)

أين زن كه مراست بسه لا يقع.....وقال أبو بكر الورشتني رحمه الله طلقت امرأته لأنه وجدت الإضافة في أول الكلام.

الدر المختار وحاشية ابن عابدين (رد المحتار) (٣ / ٢٨٧)

(والطلاق يقع بعددقرن به لابه) نفسه عن ذكرالعدد، وعند عدمه الوقوع بالصيغة.(قوله والطلاق يقع بعدد قرن به لا به) أي متى قرن الطلاق بالعدد كان الوقوع بالعدد بدليل ما أجمعوا عليه من أنه لو قال لغير المدخول بها أنت طالق ثلاثا طلقت ثلاثا، ولو كان الوقوع بطالق لبانت لا إلى عدة فلغا العدد.....................والله سبحانه وتعالي أعلم

عمران الحق غفرلہ الحق
دارالافتاء جامعہ دارالعلوم کراچی
۲۹/ربیع الاول/۱۴۴۰ھ
08/دسمبر/2018ء

الجواب صحیح
احقر محمود اشرف غفراللہ
مفتی جامعہ دارالعلوم کراچی
۲۹/ربیع الاول/۱۴۴۰ھ
08/دسمبر/2018ء

الجواب صحیح
معاون مفتی جامعہ دارالعلوم کراچی
۲۹/ربیع الاول/۱۴۴۰ھ
۸/دسمبر/2018ء

الجواب صحیح
معاون مفتی جامعہ دارالعلوم کراچی
۲۹/ربیع الاول/۱۴۴۰ھ
۸/دسمبر/2018ء

الجواب صحیح
عبداللہ
۲۹/۳/۱۴۴۰ھ

دار الافتاء
فتویٰ نمبر ۱/۲۰۳۲
مورخہ ۱/۴/۱۴۴۰ھ
۲۰۱۸/۱۲/۹